5180CH11

# 11 نامکمل ریکارڈ سے کھاتے
# (ACCOUNTS FROM INCOMPLETE RECORDS)

اب تک ہم نے ایسی فرموں کے حسابی ریکارڈوں کا مطالعہ کیا ہے جو کھاتہ داری کے دوہرے اندراج کے نظام کے مطابق کام کرتی ہیں۔ اس سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ تمام کاروباری اکائیاں اسی نظام کی پیروی کرتی ہیں۔ تاہم عملی طور پر تمام فرمیں اپنے حسابی ریکارڈ ہو بہو دوہرے اندراج کے مطابق نہیں کرتیں۔ بہت سے چھوٹے کاروباری ادارے اپنے سودوں اور لین دین کے نامکمل ریکارڈ رکھتے ہیں۔ لیکن انھیں سال کے نفع یا نقصان کا ٹھیک ٹھیک علم بھی رکھنا ہوتا ہے اور سال میں اختتام پر فرم کی مالی حالت کے بارے میں بھی جاننا ضروری ہوتا ہے۔ اس باب میں ایسی فرموں کے نفع و نقصان اور مالی حالت کے بارے میں پختہ واقفیت پر گفتگو کی گئی ہے جو اپنے ریکارڈوں کو کھاتہ داری کے دوہرے اندراج کے مطابق نہیں رکھتیں یا جن کے ریکارڈ دوسری طرح سے نامکمل ہیں۔

## سیکھنے کے مقاصد

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- نامکمل ریکارڈوں کے مفہوم اور خصوصیات کو بیان کر سکیں؛
- گوشوارۂ کیفیت کے طریقے کا استعمال کر کے نفع یا نقصان کا حساب لگا سکیں؛
- بیلنس شیٹ اور گوشوارۂ کیفیت کے درمیان امتیاز کر سکیں؛
- نامکمل ریکارڈوں سے تجارتی، اور نفع و نقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کر سکیں؛
- بامعنی اور اہم کھاتے تیار کر کے گم شدہ اعداد/معلومات کا پتہ چلا سکیں۔

## 11.1 نامکمل ریکارڈ کا مفہوم

ایسے حسابی ریکارڈ جو ہو بہو دوہرے اندراج کے نظام کے مطابق نہ رکھے جاتے ہوں، نا مکمل ریکارڈ کہلاتے ہیں۔ بہت سے مصنفین اسے اکہرے اندراج کا طریقہ کہتے ہیں۔ تاہم اکہرا اندراجی نظام ایک غلط نام ہے کیوں کہ حسابی ریکارڈ رکھنے کا ایسا کوئی نظام موجود نہیں ہے۔ یہ دوہرے اندراجی نظام کے متبادل کے طور پر ''مختصر طریقہ'' بھی نہیں ہے۔ یہ تو بس ریکارڈ رکھنے کا ایک طریقہ ہے جس کے ذریعہ کچھ لین دین تو صحیح ڈیبٹ اور کریڈٹ کے ساتھ ریکارڈ کیے جاتے ہیں جب کہ دوسرے معاملات میں یا تو اکہرا اندراج کیا جاتا ہے یا کوئی اندراج کیا ہی نہیں جاتا۔ عام طور پر اس نظام میں نقد کے ریکارڈ اور قرض داروں اور قرض خواہوں کے ذاتی کھاتے تو مناسب طور پر رکھے جاتے ہیں لیکن اثاثے، واجبات مصارف اور محاصل (آمدنیاں) جزوی طور پر ریکارڈ کیے جاتے ہیں۔ اس لئے انھیں عام طور پر نامکمل ریکارڈ کہا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## 11.1.1 نامکمل ریکارڈوں کی خصوصیات

نامکمل ریکارڈ سودوں (لین دین) کو جزوی طور پر ریکارڈ کرنے کی وجہ سے ہو سکتے ہیں، جیسا کہ چھوٹے دکانداروں مثلاً پرچون کے دکاندار اور پھیری لگانے والوں کے معاملے میں ہوتا ہے۔ بڑی تنظیموں کے معاملے میں قدرتی آفات، چوری اور آگ وغیرہ کی وجہ سے حسابی ریکارڈ نامکمل حالت میں چھوٹ سکتے ہیں۔ نامکمل ریکارڈوں کی خصوصیات درج ذیل ہیں:

(a) یہ لین دین کو ریکارڈ کرنے کا ایک بے ڈھنگا طریقہ ہے۔

(b) عام طور پر نقد لین دین اور نجی کھاتے ٹھیک طریقے پر رکھے جاتے ہیں لیکن محاصل، دیگر وصولیابیوں، منافعوں، اخراجات اور/ یا نقصانات اور اثاثہ جات اور واجبات کے بارے میں کوئی معلومات موجود نہیں ہوتی۔

(c) مالکان کے ذاتی لین دین بھی کیش بک میں ریکارڈ کئے جاسکتے ہیں۔

(d) مختلف تنظیمیں اپنی سہولیات اور ضرورتوں کے مطابق ریکارڈ رکھتی ہیں اور یکسانیت کے نہ ہونے کی وجہ سے ان کے حسابات قابل موازنہ نہیں ہوتے۔

(e) نفع یا نقصان معلوم کرنے یا دوسری معلومات حاصل کرنے کے لئے ضروری اعداد و شمار صرف اصلی رسیدوں سے حاصل کئے جاسکتے ہیں، مثلاً فروخت کی بیجک یا خرید کی بیجک وغیرہ سے۔ اس طرح اصلی رسیدوں پر انحصار ناگزیر ہو جاتا ہے۔

(f) اس سسٹم کے تحت سال کا نفع یا نقصان پوری طرح صحیح طور پر معلوم نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ اس میں نفع و نقصان کا صرف ایک اندازہ ہی کیا جاسکتا ہے۔ بیلنس شیٹ بھی اثاثوں اور واجبات کی صحیح تصویر پیش نہیں کرسکتی۔

## 11.2 نامکمل ہونے کی وجوہات اور اس کی خامیاں

ایسا دیکھا گیا ہے کہ بہت سے کاروباری لوگ مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر نامکمل ریکارڈ رکھتے ہیں۔

(a) اس طریقے کو وہی لوگ اختیار کر سکتے ہیں جن کو حسابی اصولوں کی صحیح واقفیت اور علم نہیں ہوتا۔

(b) یہ ریکارڈ رکھنے کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں کم خرچ آتا ہے کیوں کہ تنظیمیں ماہر محاسبوں (Accountants) کو ملازم نہیں رکھتیں۔

(c) ریکارڈ تیار کرنے اور رکھنے میں کم وقت لگتا ہے کیونکہ چند کتابیں ہی رکھی جاتیں ہیں۔

(d) یہ ریکارڈ رکھنے کا ایک آسان طریقہ ہے اس لئے کہ مالک کاروبار کی ضرورتوں کے مطابق صرف اہم لین دین ریکارڈ کر کے کام چلاتا ہے۔ بہرصورت نامکمل ریکارڈوں کے طریقے میں بہت سی خامیاں ہیں۔ اس کی وجہ اس طریقے کی بنیادی نوعیت ہے۔

موٹے طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ جب تک ریکارڈ کرنے اور رکھنے کے لئے ایک باقاعدہ اور منظم طریقہ اختیار نہ کیا جائے، قابل اعتبار مالی گوشوارے تیار نہیں کئے جاسکتے۔

نامکمل ریکارڈوں کی کمیاں اور خامیاں مندرجہ ذیل ہیں:

(a) کیونکہ دوہرے اندراج کا طریقہ نہیں اپنایا جاتا اس لئے بیلنس شیٹ تیار نہیں کی جا سکتی۔ اور کھاتوں اور حسابات کے درست اور صحیح ہونے کا یقین نہیں کیا جا سکتا۔

(b) کاروبار کے کاموں کے مالیاتی نتائج کا پختہ علم نہیں ہوسکتا اور ان کا جائزہ بھی نہیں لیا جا سکتا۔

(c) کاروبار کی منفعت، سیالیت (Liquidity) اور مقدرت (Solvency) کا تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس بناء پر باہر کے لوگوں سے فنڈ اکٹھا کرنے اور آئندہ کے لئے کاروباری سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں دقت پیدا ہوسکتی ہے۔

(d) آگ یا چوری کی وجہ سے فہرست مال (Inventory) ضائع ہو جانے کی صورت میں مالکان کے لئے بیمہ کمپنی کو بیمہ کا دعویٰ داخل کرنے میں بڑی مشکل درپیش ہو جاتی ہے۔

(e) آمدنی کے قابل اعتماد ہونے کے بارے میں انکم ٹیکس کے عہدے داروں کو یقین دلانا مشکل ہو جاتا ہے۔

## 11.3 نفع ونقصان کے بارے میں صحیح معلومات

ہر کاروباری فرم کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے اپنی کارکردگی اور کامیابیوں و ناکامیوں کا تخمینہ لگانے کے لئے اپنے کاموں کے نتائج مکمل اور صحیح طور پر معلوم ہوتے رہیں۔ اس کے لیے مالی گوشوارے تیار کرنے کی ضرورت پیدا ہوتی ہے تاکہ ان دونوں باتوں کا انکشاف ہو سکے کہ:

(a) ایک مقررہ مدت کے دوران فرم کو کتنا نفع ونقصان ہوا ہے اور

(b) حسابی مدت کی آخری تاریخ کو اثاثے اور واجبات کتنے ہیں۔

لہٰذا اس صورت حال میں درپیش مسئلہ یہ ہے کہ نامکمل ریکارڈوں سے دستیاب معلومات کو کسی حسابی سال میں نفع یا نقصان جاننے کے لئے استعمال کیا جائے اور ایک فرم کی مالی حالت کا سال کے آخر میں تعین کیا جا سکے۔ یہ کام دو طریقے سے کیا جا سکتا ہے۔

1۔ حسابی سال کے شروع اور ختم ہونے پر گوشوارۂ کیفیت (Statement of Affairs) تیار کرنا۔ اس کو خالص مالی حیثیت کا طریقہ (Net Work Method) بھی کہا جا سکتا ہے۔

2۔ حسابی ریکارڈوں کو صحیح ترتیب میں رکھ کر تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کرنا، جسے طریقہ تبدیلی (Conversion method) کہا جاتا ہے۔

### 11.3.1 گوشوارۂ کیفیت (Statement of Affairs) تیار کرنا

اس طریقہ کے کسی تحت حسابی مدت کے دوران اصل سرمایہ میں تبدیلی کی صحیح مقدار جاننے کے لئے اثاثوں اور واجبات کے گوشوارے حسابی

مدت کے شروع اور آخر میں تیار کئے جاتے ہیں۔ایسے گوشوارہ کو گوشوارۂ کیفیت کہا جاتا ہے جو ایک طرف اثاثوں دکھاتا ہے اور دوسری طرف واجبات کو، بالکل اسی طرح جیسا کہ بیلنس شیٹ میں کیا جاتا ہے۔دونوں جانب کے مجموعی میزانوں کا فرق (توازنی حساب) اصل سرمایہ ہوتا ہے (شکل 11.1 دیکھیں)۔اگر چہ گوشوارۂ کیفیت بیلنس شیٹ کے مشابہ ہوتا ہے لیکن اسے بیلنس شیٹ نہیں کہا جاتا کیوں کہ تفصیلات اور اعداد و شمار پوری طرح سے روزنامچہ(Ledger) کے بقایاجات پر مبنی نہیں ہوتے۔قائم اثاثے، واجب الادا مصارف، اور بینک بیلنس وغیرہ جیسی مدوں کی رقمیں متعلقہ دستاویزات سے یا خارجی طور پر گن کر معلوم کی جاتی ہے۔

## گوشوارۂ معاملات بتاریخ --

| واجبات | رقم روپے | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| واجب الادا بل | .... | زمین اور عمارت | .... |
| قرض خواہ | .... | مشینری | .... |
| واجب الادا مصارف | .... | فرنیچر | .... |
| اصل سرمایہ (توازنی عدد) (Balancing Figure) | .... | اسٹاک | .... |
| | | قرض دار | .... |
| | | نقد در تحویل بینک | .... |
| | | پیشگی ادا شدہ مصارف | .... |
| | | اصل (توازنی عدد)* | .... |
| | XXXX | | XXXX |

نوٹ: * جہاں واجبات کا میزان اثاثوں کے میزان سے زیادہ ہو وہاں اصل کو اثاثوں کی طرف دکھایا جائے گا اور یہ اصل سرمایہ کا ڈیبٹ بیلنس ہوگا۔

**شکل 11.1** : گوشوارۂ کیفیت کا خاکہ

ایک بار جب گوشوارۂ کیفیت کی مدد سے شروع اور آخر میں اصل سرمایہ کا حساب لگا لیا جائے تو نفع و نقصان کا گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے جس سے سال کے اختتام پر نفع یا نقصان کی صحیح رقم معلوم ہو سکے۔ابتدائی اور اختتامی سرمایہ کے درمیان کا فرق اس میں کمی یا اضافہ کو ظاہر کرتا ہے۔جس کی تطبیق مالک کے ذریعہ حسابی مدت میں نکالے ہوئے سرمایہ یا اس کے لگائے ہوئے نئے سرمایے کے لئے کرنا ہوتی ہے تا کہ اس مدت کے دوران ہونے والے نفع و نقصان کی رقم کا ٹھیک ٹھیک پتہ چل سکے۔نفع و نقصان کا گوشوارہ شکل 11.2 میں دکھائے گئے گوشوارہ کی طرح تیار کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## اختتام سال پر نفع و نقصان کے گوشوارے کا خاکہ .......

| | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| | اختتام سال پر موجود پونجی (جس کا حساب سال کے ختم ہونے پر گوشوارۂ کیفیت سے نکالا گیا) | ..... |
| جمع: | سال کے دوران نکالی گئی رقم | ..... |
| نفی: | سال کے دوران لگایا گیا اضافی سرمایہ | (.....) |
| | سال کے آخر میں تطبیق شدہ سرمایہ (پونجی) | ..... |
| نفی: | سال کے شروع میں موجود سرمایہ (جس کا حساب کیفیت کے گوشوارے سے سال کے شروع میں نکالا گیا) | (.....) |
| | سال کے دوران نفع یا نقصان | ..... |

**شکل. 11.2** : نفع یا نقصان کے گوشوارے کا خاکہ

اگر مذکورہ بالا حساب لگانے کے بعد نتیجے میں مثبت رقم سامنے آتی ہے تو یہ سال کے آخر میں کمایا ہوا نفع بتاتی ہے۔ اگر آخری نتیجہ منفی رقم کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے تو یہ سال کے دوران ہوئے نقصان کو بتائے گا۔ یہی حساب مندرجہ ذیل مساوات کی شکل میں کیا جا سکتا ہے:

نفع یا نقصان = آخر میں سرمایہ - ابتداء میں سرمایہ + سال کے دوران نکالی گئی رقمیں - سال کے دوران لگایا گیا نیا سرمایہ

مثال کے طور، پر مس شیتو کے ریکارڈوں سے اخذ کردہ مندرجہ ذیل معلومات پر غور کیجیے۔

| | روپے |
|---|---|
| سال کے شروع یعنی یکم اپریل 2016 کو موجود سرمایہ | 1,20,000 |
| سال کے اختتام یعنی 31 مارچ 2017 کو موجود سرمایہ | 2,00,000 |
| سال کے دوران پروپرائٹر کا لایا ہوا سرمایہ | 50,000 |
| دوران سال پروپرائٹر کے ہاتھوں نکالی گئی رقومات | 30,000 |

سال کے لئے منافع کا حساب مندرجہ ذیل طریقے سے لگایا جائے گا:

ایک مقررہ مدت کے دوران نفع یا نقصان کا حساب درج ذیل کے مطابق لگایا جائے گا۔

| | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| | پونجی (سرمایہ) 31مارچ 2017 کو | 2,00,000 |
| جمع | دوران نکالی گئی رقمیں | 30,000 |
| | | 2,30,000 |
| نفی | دوران سال نکالی گئی پونجی | (50,000) |
| | سال کے آخر یعنی 31مارچ 2017 کو تطبیق شدہ (Adjusted) پونجی (سرمایہ) | 1,80,000 |
| نفی | شروع میں یعنی یکم اپریل 2016 کو موجودہ پونجی (سرمایہ) | (1,20,000) |
| | دوران سال کمایا ہوا منافع | 60,000 |

مثال 1

مسٹر مہتہ نے تیار شدہ لباس کا اپنا کاروبار یکم اپریل 2016 کو 50,000 روپے کے سرمایہ سے شروع کیا۔ انھوں نے اپنے کھاتے دوہرے اندراج کے طریقے کے مطابق نہیں رکھے، سال کے دوران انھوں نے 15,000 روپے کی نئی پونجی کاروبار میں لگائی۔ انھوں نے اپنے ذاتی استعمال کے لئے 10,000 روپے نکالے۔ 31مارچ 2017 کو ان کے اثاثوں اور واجبات مندرجہ ذیل تھے۔

کل قرض خواہ (لین دار) 90,000 روپے: کل قرض دار (دین دار) 1,25,600 روپے: اسٹاک 24,750: نقد در بینک 24,980 روپے گوشوارۂ کیفیت کے طریقہ کو استعمال کرتے ہوئے مسٹر مہتہ کے کاروبار کے پہلے سال کے نفع یا نقصان کا حساب لگائیے۔

حل

## مسٹر مہتہ کا ریکارڈ
## گوشوارۂ کیفیت بتاریخ 31مارچ 2017

| واجبات | رقم روپے | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| قرض خواہ | 90,000 | نقد در بینک | 24,980 |
| سرمایہ (توازنی عدد)(Balancing Affairs) | 85,330 | قرض دار | 1,25,600 |
| | | اسٹاک | 24,750 |
| | 1,75,330 | | 1,75,330 |

## گوشوارہ نفع ونقصان 31 مارچ 2014 کو ختم ہوئے سال کے لیے

| | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| | سرمایہ بتاریخ 31 مارچ 2017 | 85,330 |
| جمع: | دوران نکالی گئی رقم | 10,000 |
| | | 95,330 |
| نفی: | دوران سال لگائی ہوئی اضافی پونجی | (15,000) |
| | تطبیق شدہ سرمایہ سال کے آخر میں یعنی 31 مارچ 2017 کو | 80,330 |
| نفی: | ابتدائی سال میں یعنی یکم اپریل 2016 کو حقیقی سرمایہ | (50,000) |
| | سال کے دوران حاصل کیا گیا منافع | 30,330 |

مثال 2

مسز وندنا چھپائی کی ایک چھوٹی سی فرم چلاتی ہیں۔ وہ محض چند ریکارڈ ہی رکھتی تھیں جو ان کے خیال میں کاروبار کو چلانے کے لئے کافی تھے۔ یکم اپریل 2016 کو ان کے پاس دستیاب ریکارڈوں سے حاصل کی گئی معلومات سے ظاہر ہوا کہ ان کے پاس مندرجہ ذیل اثاثے اور واجبات تھے۔ پرنٹنگ پریس 5,00,000 روپے، عمارتیں 2,00,000 روپے، اسٹاک 50,000، بینک میں نقدی 65,600 روپے، نقد در دست 7,980 روپے، گاہکوں پر ادھار 20350 روپے، قرض خواہوں کا ادھار 75,340 روپے، اور واجب الادا اجرتیں 5,000 روپے، انھوں نے ہر ماہ 8,000 روپے اپنے ذاتی مصارف کے لئے نکالے۔ انھوں نے سال کے دوران 15,000 روپے کی نئی رقم بھی کاروبار میں لگائی۔ 31 مارچ 2017 کو ان کی مالی حالت اس طرح تھی۔

پریس 5,25,000، عمارتیں 2,00,000 روپے، اسٹاک 55,000 روپے، نقد در بینک 40,380 روپے نقد، در دست 15,340 روپے، گاہکوں پر ادھار 17,210 روپے، قرض خواہوں کا ادھار 65,680 روپے۔

گوشوارۂ کیفیت کا طریقہ استعمال کر کے سال کے دوران مسز وندنا کے منافع کا حساب لگائیے۔

© NCERT not to be republished

حل

## گوشوارۂ معاملات مسز وندنا
## کے ریکارڈ بتاریخ یکم اپریل 2016
## اور بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | یکم اپریل 2016 روپے | 31 مارچ 2017 روپے | اثاثہ جات | یکم اپریل 2016 روپے | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | 75,340 | 65,680 | پرنٹنگ پریس | 5,00,000 | 5,25,000 |
| واجب الادا اجرتیں | 5,000 | — | عمارتیں | 2,00,000 | 2,00,000 |
| سرمایہ (توازنی عدد) | 7,63,590 | 7,87,250 | قرض دار | 20,350 | 17,210 |
| | | | اسٹاک | 50,000 | 55,000 |
| | | | نقد در بینک | 65,600 | 40,380 |
| | | | نقد در دست | 7,980 | 15,340 |
| | 8,43,930 | 8,52,930 | | 8,43,930 | 8,52,930 |

## گوشوارہ نفع و نقصان 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

| | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| | 31 مارچ 2017 کو موجود سرمایہ | 7,87,250 |
| جمع: | دوران سال نکالی گئی رقم | 96,000 |
| | | 8,83,250 |
| نفی: | دوران سال لگایا گیا اضافی سرمایہ | (15,000) |
| | سال کے آخر میں تطبیق شدہ سرمایہ یعنی بتاریخ 31 مارچ 2017 | (8,68,250) |
| نفی: | یکم اپریل 2016 کو موجود سرمایہ | 7,63,590 |
| | سال کے دوران حاصل شدہ منافع | 1,04,660 |

© NCERT not to be republished

## 11.3.2 گوشوارۂ کیفیت اور بیلنس شیٹ میں فرق

گوشوارۂ کیفیت اور بیلنس شیٹ دونوں ایک مقررہ تاریخ میں کسی کاروبار کے اثاثے اور واجبات کو ظاہر کرتے ہیں۔تاہم دونوں کے درمیان کچھ بنیادی فرق ہیں۔گوشوارۂ کیفیت نامکمل ریکارڈوں سے تیار کیا جاتا ہے جہاں زیادہ تر اثاثوں کو اندازوں یا تخمینوں کی بنیاد پر ریکارڈ کیا جاتا ہے جب کہ بیلنس شیٹ یعنی چٹھا ان ریکارڈوں سے تیار کیا جاتا ہے جو کھاتہ داری کے دوہرے اندراج کی بنیاد پر لکھے جاتے ہیں اور جہاں تمام اثاثوں اور واجبات کی روزنامچے کے حسابات سے تصدیق کی جاسکتی ہے۔لہٰذا گوشوارۂ کیفیت تیار کرنے کا مقصد اس تاریخ کو اصل سرمایہ کے کھاتے کی صحیح رقم کو معلوم کرنا ہوتا ہے جب کہ بیلنس شیٹ ایک خاص تاریخ کو کاروبار کی مالی حالت جاننے کے لئے تیار کی جاتی ہے۔گوشوارۂ کیفیت میں اثاثوں یا واجبات کی کوئی مد چھوٹ سکتی ہے اور ہوسکتا ہے کہ یہ غلطی پکڑی ہی نہ جاسکے کیوں کہ اس غلطی کے نتیجے کی پونجی کھاتہ کے بقایا میں تطبیق کردی جاتی ہے اور گوشوارے کے دونوں طرف کے میزان ایک دوسرے کے برابر ہو جاتے ہیں۔تاہم بیلنس شیٹ کے معاملے میں کسی مد کے چھوٹ جانے کا امکان بہت کم ہوتا ہے،اس لئے کہ اگر کوئی فروگذاشت ہوئی بھی ہے تو بیلنس شیٹ میں مطابقت نہیں پیدا ہوگی اور اکاؤنٹینٹ حسابی ریکارڈوں سے گم شدہ مد کا پتہ چلالے گا۔گوشوارۂ کیفیت اور بیلنس شیٹ کے فرق کو ذیل میں ایک جدول کی شکل میں دکھایا گیا ہے:

| فرق کی بنیاد | گوشوارۂ معاملات | بیلنس شیٹ |
|---|---|---|
| معتبریت (Credibility) | یہ کم معتبر ہوتا ہے کیوں کہ اسے نامکمل ریکارڈوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ | یہ زیادہ معتبر ہوتا ہے کیوں کہ اسے دوہرے اندراج کے ریکارڈوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ |
| مقصد | کیفیت کا گوشوارہ تیار کرنے کا مقصد ایک خاص تاریخ کو پونجی کھاتہ کے بقایا کا تخمینہ لگانا ہوتا ہے۔ | بیلنس شیٹ تیار کرنے کا مقصد ایک خاص تاریخ کو کسی کاروباری اکائی کی سچی اور صحیح مالی حالت کو دکھانا ہوتا ہے۔ |
| فروگذاشت (چھوٹ جانا یا شامل ہونے سے رہ جانا) | اثاثوں اور واجبات کی فروگذاشت کا آسانی سے پتہ نہیں لگایا جاسکتا اور وہ حسابی ریکارڈوں سے ہی معلوم کی جاسکتی ہیں۔ | اثاثوں اور واجبات کی فروگذاشتوں کا پتہ آسانی سے لگایا جاسکتا ہے اور حساب کتاب کے ریکارڈوں سے ان کو معلوم کیا جاسکتا ہے۔ |

**شکل 11.3** گوشوارۂ کیفیت اور بیلنس شیٹ کا فرق

### اسے خود کیجئے

اپنے علاقہ میں کسی چھوٹے دکاندار کا پتہ لگایئے اور اس سے ان حسابی ریکارڈوں کے بارے میں پوچھئے جو وہ خود رکھتا ہے۔ اگر وہ دوہرے اندراجی طریقے کے مطابق ریکارڈ نہیں رکھتا تو اس کی وجوہات کی ایک فہرست تیار کیجئے اور اس سے پوچھئے کہ وہ نفع ونقصان کا حساب کس طرح لگاتا ہے۔

## 11.4 تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کرنا

صحیح اور ٹھیک طور پر تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کرنے کے لئے مصارف، آمدنیوں، اثاثہ جات اور واجبات کی مکمل معلومات درکار ہوتی ہے۔ نامکمل ریکارڈوں کے معاملے میں ایسی مدوں کی تفصیلات جیسے، قرض خواہ، نقد خریداری، قرض دار، نقد فروخت، دیگر نقد ادائیگیاں اور وصولیاں تو بآسانی دستیاب ہوتی ہیں لیکن ایسی بھی بہت سی مدیں ہوتی ہیں جن کی تفصیلات کے بارے میں پختہ واقفیت بالواسطہ طور پر دوہرے اندراج کو استعمال کر کے حاصل کرنی ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ عام مدیں جو شامل ہونے سے رہ جاتی ہیں اور ان کو معلوم کرنا ضروری ہوتا ہے، یہ ہیں:

- ابتدائی اسٹاک
- ادھار خریداریاں
- ادھار فروخت
- واجب الادا بل قبول کئے گئے
- واجب الوصول بل وصول ہوئے
- قرض خواہوں کی ادائیگی
- قرض داروں کی ادائیگیاں
- دیگر نقد / بینک سے متعلق مدیں

آپ جانتے ہیں کہ ابتدائی سرمایہ سال کے شروع میں گوشوارۂ کیفیت تیار کر کے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ دوسری مدوں کے سلسلے میں ہم وضاحت کر چکے ہیں کہ دستیاب معلومات کو کس طرح استعمال کر کے ان کے غیر مذکور اعدادوشمار کو کل قرض داروں اور کل قرض خواہوں، کل قابل وصولی بلوں اور کل قابل ادائیگی بلوں کے کھاتوں اور نقدی کے خلاصے کی مدد سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

## 11.4.1 ادھار خریداریوں کو ٹھیک طور پر معلوم کرنا

ادھار خریداریوں کی تعداد نامکمل ریکارڈوں سے نہیں مل سکتی۔ عین ممکن ہے کہ قرض خواہوں کے بارے میں کوئی دوسری معلومات بھی موجود نہ ہو۔ لہٰذا تمام قرض خواہوں کا کھاتہ جس کا پروفارما (خاکہ) شکل 11.4 میں دیا گیا، تیار کر کے ادھار خریداریوں یا قرض خواہوں سے متعلق کوئی دوسرے اعداد و شمار کو جو موجود نہ ہوں، توازنی عدد کے طور پر معلوم کیا جاسکتا ہے۔

### کُل قرض خواہوں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | جرنل صفحہ نمبر | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | جرنل صفحہ نمبر | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ادا کردہ نقد | | .... | | بقایا لایا گیا | | .... |
| | بینک (جاری شدہ چیک) | | .... | | بینک (ادا شدہ چیک) | | .... |
| | واجب الادا بل (قبول شدہ بل) | | .... | | واجب الادا بل بل رد ہوئے | | .... |
| | وصول شدہ چھوٹ | | .... | | ادھار خریداریاں | | .... |
| | خرید کی واپسی | | .... | | | | |
| | بقایا نیچے لے جایا گیا | | .... | | | | |
| | | | xxxxxxx | | | | xxxxxxx |

**شکل 11.4** قرض خواہوں کے کھاتے کا خاکہ

مثال کے طور پر میسرز کسان فوڈ سپلائیرز کے مندرجہ ذیل لین دین کو دیکھئے:

| | روپے |
|---|---|
| قرض خواہوں کا ابتدائی بقایا | 40,000 |
| قرض خواہوں کا اختتامی بقایا | 50,000 |
| نقد ادائیگی | 85,000 |
| وصول کردہ چھوٹ | 2,000 |

کل قرض خواہوں کا کھاتہ مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جائے گا:

## کسان فوڈ سپلائیزر کی کتابیں
## کل قرض خواہوں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نقد | | 85,000 | | بقایا لایا گیا | | 40,000 |
| | چھوٹ | | 2000 | | ادھار خریداریاں | | 97,000 |
| | بقایا نیچے لے جایا گیا | | 50,000 | | | | |
| | | | 1,37,000 | | | | 1,37,700 |

### 11.4.2 ادھار فروخت کو معلوم کرنا

ادھار فروخت کی رقم بھی نامکمل ریکارڈوں سے عام طور پر نہیں مل پاتی ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قرض داروں سے متعلق کچھ دوسری معلومات بھی موجود نہ ہو۔ لہٰذا اگر قرض داروں کا کل کھاتہ شکل 11.5 کے مطابق تیار کیا جائے تو ادھار فروخت یا کوئی دوسری نامعلوم رقم بطور توازنی رقم (Balancing Figure) معلوم کی جاسکتی ہے۔

## کل قرض داروں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایا نیچے لایا گیا | | .... | | نقد (وصول شدہ نقد) | | .... |
| | واجب الوصول بل (مسترد کئے گئے بل) | | .... | | بینک (وصول شدہ چیک) | | |
| | | | | | دی گئی چھوٹ | | .... |
| | بینک (ردشدہ چیک) | | .... | | | | |
| | ادھار فروخت (توازنی رقم) | | .... | | ڈوبے قرضہ جات | | .... |
| | | | | | فروخت واپسی | | .... |
| | | | | | واجب الوصول بل | | .... |
| | | | | | (وصول کردہ بل) | | .... |
| | | | | | بقایا نیچے لے جایا گیا | | |
| | | | xxx | | | | xxx |

شکل **11.5** قرض داروں کے کھاتہ کا خاکہ

© NCERT not to be republished

کل قرض داروں کے کھاتہ سے معلوم ادھار فروخت کی بنیاد پر فروخت واپسی کو مجموعی (Gross) ادھار فروخت سے منہا کر دینا چاہئے جس سے خالص ادھار فروخت کا پتہ چل سکے۔ مثال کے طور پر مندرجہ ذیل معلومات موہن لال ٹریڈرز کے ریکارڈوں سے لی گئی ہے۔

| | روپے |
|---|---|
| یکم اپریل 2016 کو قرض دار | 50,000 |
| 31 مارچ 2017 قرض دار | 70,000 |
| قرض داروں سے وصول شدہ نقد | 60,000 |
| دی گئی چھوٹ | 1,000 |
| واجب الوصول بل | 30,000 |
| ڈوبے قرضے | 3,000 |

کل قرض داروں کا کھاتہ مندرجہ ذیل طریقے سے تیار کیا جائے گا:

## موہن لال ٹریڈرز
## کل قرض داروں کا کھاتہ

ڈیبٹ | کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی صفحہ | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی صفحہ | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم اپریل 2016 | بقایا نیچے لایا گیا | | 50,000 | | نقد | | 60,000 |
| | ادھار فروخت (توازنی رقم) | | 1,14,000 | | چھوٹ | | 1,000 |
| | | | | 31 مارچ 2017 | واجب الوصول بل | | 30,000 |
| | | | | | ڈوبے قرضے | | 3,000 |
| | | | | | بقایا نیچے لے جایا گیا | | 70,000 |
| | | | 1,64,000 | | | | 1,64,000 |

### 11.4.3 واجب الوصول اور واجب الادا بلوں کا پتہ لگانا

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ واجب الوصول اور واجب الادا بلوں سے متعلق تمام تفصیلات تو دستیاب ہوتی ہیں لیکن دوران سال وصول شدہ بلوں اور منظور شدہ بلوں کی رقومات کا ذکر نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں کل واجب الوصول اور کل واجب الادا کے کھاتے تیار کئے جاسکتے ہیں

© NCERT not to be republished

اور غائب یا نا معلوم رقموں کا پتہ بطور توازنی رقوم لگایا جا سکتا ہے۔کل واجب الوصول بلوں کے کھاتے کا خاکہ شکل 11.6 اور 11.7 میں دیا گیا ہے۔

## کل واجب الوصول بلوں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی صفحہ | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی صفحہ | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایا نیچے لایا گیا | | .... | | بینک (بل منظور کئے گئے | | .... |
| | | | | | متفرق قرض دار | | .... |
| | متفرق قرض دار | | .... | | (بل نامنظور کئے گئے) | | |
| | (بل موصول ہوگئے) | | | | بقایا نیچے لے جایا گیا | | .... |
| | | | xxx | | | | xxx |

**شکل 11.6** واجب الوصول بلوں کے کھاتے کا خاکہ

## کل واجب الادا بلوں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بینک بلوں کی مدت پوری (Mature) ہوگئی | | .... | | بقایا لایا گیا | | .... |
| | متفرق قرض خواہ (بل نامنظور ہوگئے) | | .... | | متفرق قرض خواہ بل منظور ہوگئے | | .... |
| | بقایا لے جایا گیا | | .... | | | | |
| | | | xxx | | | | xxx |

**شکل 11.7** واجب الادا بلوں کے کھاتہ کا خاکہ

مثال کے طور میسرز ایس۔ایس سیتا پتی کے ریکارڈوں سے دستیاب تفصیلات کو دیکھئے۔

| | روپے |
|---|---|
| واجب الوصول ابتدائی بل | 5,000 |
| واجب الادا ابتدائی بل | 37,500 |
| واجب الوصول بل جو مسترد کردئے گئے | 2,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| مسترد کردہ واجب الادا بل | 66,750 |
| اختتامی واجب الادا بل | 52,500 |
| دوران سال اکٹھا کیے گئے بل | 12,000 |
| واجب الوصول اختتامی بل | 4,000 |

واجب الوصول اور واجب الادا کا کھاتہ اس طرح تیار کیا جائے گا:

## کل واجب الوصول بلوں کا کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایالایاگیا | | 5,000 | | متفرق قرض دار (مسترد کردہ بل) | | 2,000 |
| | متفرق قرض دار (وصول شدہ بل) | | 13,000 | | بینک (اکٹھے کیے گئے بل) | | 12,000 |
| | (توازنی رقم) | | | | بقایالے جایاگیا | | 4,000 |
| | | | 18,000 | | | | 18,000 |

## کل واجب الادا بل کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مسترد کردہ بل | | 66,750 | | بقایالایاگیا | | 37,50 0 |
| | بقایالے جایاگیا | | 52,500 | | متفرق قرض خواہ (بل قبول کرلیے گئے) (توازنی رقم) | | 81,75 0 |
| | | | 1,19,250 | | | | 1,19,250 |

© NCERT not to be republished

## اپنی سمجھ کا امتحان لیجئے - 1

**صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔**

1. کھاتہ داری کے نامکمل ریکارڈوں کا طریقہ ہے:
(a) سائنٹفک (b) غیر سائنٹفک
(c) بے ڈھنگا (d) b اور c دونوں

2. ابتدائی سرمایہ کا پتہ.........تیار کر کے لگتا ہے۔
(a) کل قرض داروں کھاتہ (b) کل قرض خواہ کھاتہ
(c) نقد کھاتہ (d) ابتدائی گوشوارۂ کیفیت

3. سال کے دوران اُدھار خرید...............تیار کر کے معلوم کی جاتی ہے۔
(a) کل قرض خواہ کھاتہ (b) کل قرض دار کھاتہ
(c) نقد کھاتہ (d) اختتامی گوشوارۂ کیفیت

4. اگر ابتدائی پونجی 60,000 روپے، نکالی گئی رقم 5,000 روپے حسابی مدت کے دوران لگائی گئی نئی پونجی 10,000 روپے اور اختتامی پونجی 90,000 ہے تو اس مدت میں کمائے ہوئے منافع کی مالیت کتنی ہوگی۔
(a) 20,000 روپے (b) 25,000 روپے
(c) 30,000 روپے (d) 40,000 روپے

### 11.4.4 نقد کے خلاصہ کے ذریعے غیر مذکور معلومات کا تعین کرنا

کبھی یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قرض خواہوں کو ادا کی گئی رقم، یا قرض داروں سے موصول رقم، یا ابتدائی یا اختتامی نقد یا بینک بیلنس کی رقم غائب ہو۔ وصولی یا ادائیگی کی کسی گم شدہ مد کا پتہ چلانے کے لئے ہم ایک کیش بک کا خلاصہ تیار کر سکتے ہیں جس میں سال کے دوران تمام وصولیاں اور ادائیگیاں دکھائی گئی ہوں اور توازنی رقم کو گم شدہ مد کی رقم سمجھا گیا ہو۔

تا ہم اگر قرض خواہوں کو ادا کی گئی اور قرض داروں سے وصولی کی گئی رقمیں دونوں ہی غائب ہیں تو ان میں سے کسی ایک کو پہلے تو کل قرض خواہ کھاتہ یا کل قرض دار کھاتہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے (معاملے کے مطابق) اور دوسری گم شدہ معلومات کا پتہ کیش بک کے خلاصہ سے اسی طرح چلایا جا سکتا ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

گم شدہ (Missing) رقموں کا پتہ چلنے کے بعد فائنل حسابات سیدھے طور پر یا بیلنس شیٹ تیار کرنے کے بعد تیار کیے جا سکتے ہیں۔ بیلنس شیٹ کے اجزاء اور ان کی معلومات کے ذرائع کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | اختتامی اثاثے (بجز اسٹاک) اور واجبات | اختتامی فہرست |
| 2۔ | ابتدائی اثاثے (بشمول ابتدائی اسٹاک) | ابتدائی فہرست |
| 3۔ | خریداریاں | ادھار خریداریوں کو کل قرض خواہ کھاتہ سے کریڈٹ کرنا ہے اور نقد خریداریوں کو نقد کے خلاصہ سے |
| 4۔ | فروخت | ادھار فروخت کو کُل قرض داروں کے کھاتے سے کریڈٹ کرنا ہے اور نقد فروخت کو نقد کے خلاصہ سے |
| 5۔ | ابتدائی سرمایہ | ابتدائی گوشوارۂ کیفیت |
| 6۔ | مصارف ومحاصل | نقد کے خلاصہ کے مطابق اور ذیلی معلومات کے ساتھ |
| 7۔ | نقصانات اور منافع | تمام کھاتوں اور بکھری ہوئی معلومات سے |
| 8۔ | واجب الوصول بل وصول ہوئے | کل واجب الوصول بل کھاتہ |
| 9۔ | واجب الادا بل تسلیم کئے گئے | کل واجب الادا بل کھاتہ |
| 10۔ | نقد / بینک بقایا | نقد کا خلاصہ |

**شکل 11.7** گم شدہ معلومات کا پتہ چلانا

مثال 3

مندرجہ ذیل معلومات سے 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے مسٹر امت کی کل فروخت کا حساب لگایئے:

| | رقم روپے |
|---|---|
| یکم اپریل 2016 کو کل قرض دار | 40,000 |
| یکم اپریل 2016 کو کل قرض خواہ | 50,000 |
| یکم اپریل 2016 کو واجب الوصول بل | 30,000 |
| یکم اپریل 2016 کو واجب الادا بل | 45,000 |
| وصول شدہ چھوٹ (Discount) | 5,000 |
| نا قابل وصول قرضے | 2,000 |
| آنے والے محاصل | 4,000 |
| دی گئی چھوٹ | 3,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| نقد فروخت | 10,000 |
| نقد خریداریاں | 8,000 |
| 31 مارچ 2017 کو کُل قرض دار | 80,000 |
| قرض داروں سے وصول شدہ نقد | 1,00,000 |
| قرض خواہوں کی نقد ادائیگی | 80,000 |
| قابل وصول بلوں سے نقد موصول رقم | 25,000 |
| واجب الوصول بلوں کی ادائیگی | 40,000 |
| 31 مارچ 2017 کو کل قرض خواہ | 40,000 |
| واجب الادا بل بتاریخ 31 مارچ 2017 | 50,000 |
| واجب الوصول بل بتاریخ 31 مارچ 2017 | 35,000 |

حل

## کل واجب الوصول بل کھاتہ

ڈیبٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایا لایا گیا | | 30,000 | | نقد | | 25,000 |
| | کل قرض دار (توازنی رقم) | | 30,000 | | بقایا لے جایا گیا | | 35,000 |
| | | | 60,000 | | | | 60,000 |

## کل واجب الادا بل کھاتہ

ڈیبٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نقد | | 40,000 | | بقایا لایا گیا | | 45,000 |
| | بقایا لے جایا گیا | | 50,000 | | کُل قرض خواہ (توازنی رقم) | | 45,000 |
| | | | 90,000 | | | | 90,000 |

© NCERT not to be republished

## کھاتہ کل قرض دار

**ڈیبٹ** — **کریڈٹ**

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایا لایا گیا | | 40,000 | | ناقابل وصول قرضے | | 2,000 |
| | فروخت | | 1,79,000 | | فروخت کی واپسی | | 4,000 |
| | (توازنی رقم) | | | | دی گئی چھوٹ | | 3,000 |
| | | | | | نقد | | 1,00,000 |
| | | | | | واجب الوصول بل | | 30,000 |
| | | | | | واجب الوصول کھاتے سے منتقل | | |
| | | | | | بقایا لے جایا گیا | | 80,000 |
| | | | 2,19,000 | | | | 2,19,000 |

## کھاتہ کل قرض خواہ

**ڈیبٹ** — **کریڈٹ**

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | وصول شدہ چھوٹ | | 5,000 | | بقایا لایا گیا | | 50,000 |
| | نقد | | 80,000 | | خریداریاں (ادھار) | | 1,20,000 |
| | واجب الادا بل | | 45,000 | | توازنی رقم | | |
| | (واجب الادا بل کھاتہ سے منتقل) | | | | (Balancing Figure) | | |
| | بقایا لے جایا گیا | | 40,000 | | | | |
| | | | 1,70,000 | | | | 1,70,000 |

ورکنگ نوٹ:

(i) ادھار خریداریوں کا حساب کل قرض خواہ کھاتہ سے 1,20,000 روپے کی شکل میں نکالا گیا ہے۔ نقد خریداریاں 8,000 روپے کی ہیں۔ کل خریداریاں 1,20,000 روپے + 8,000 روپے = 1,28,000 روپے

(ii) ادھار فروخت کا حساب کل قرض دار کھاتہ سے 1,79,000 روپے + 10,000 روپے = 1,89,000 روپے کی ہے۔

© NCERT not to be republished

مثال 4

میسرز سدھا کی جانب سے فراہم کردہ مندرجہ ذیل معلومات سے 'خالص فروخت' کا حساب لگائیے:

| | روپے |
|---|---|
| یکم اپریل 2016 کو قرض داروں کے ذمہ | 65,000 |
| 31 مارچ 2017 کو قرض داروں کے ذمہ | 50,000 |
| یکم اپریل 2016 کو واجب الوصول بلوں کا ابتدائی بیلنس | 23,000 |
| 3مارچ 2017 کو واجب الوصول بلوں کا اختتامی بیلنس | 29,000 |
| قرض داروں سے وصول شدہ نقد | 3,02,000 |
| دی گئی چھوٹ | 8,000 |
| واجب الوصول بلوں کے بدلے نقد وصولی | 21,000 |
| ناقابل وصولی قرضے | 14,000 |
| واجب الوصول بل (نامنظور کیے گئے) | 20,000 |
| نقد فروخت | 2,25,000 |
| فروخت کی واپسی | 17,000 |

## کل واجب الوصول بل کھاتہ

ڈیبٹ — کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ابتدائی بیلنس | | 23,000 | | کیش (نقد) | | 21,000 |
| | قرض دار (واجب الوصول بل) | | 47,000 | | واجب الوصول بل (مسترد شدہ) | | 20,000 |
| | (توازنی رقم) | | | | اختتامی بیلنس | | 29,000 |
| | | | 70,000 | | | | 70,000 |

© NCERT not to be republished

## کل قرض دار کھاتہ

ڈیبٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یکم اپریل 2016 | ابتدائی بیلنس | | 65,000 | 31 مارچ 2017 | نقد وصول شدہ | | 3,02,000 |
| | واجب الوصول بل (مسترد کردیے گئے) | | 20,000 | | دی گئی چھوٹ | | 8,000 |
| | فروخت (توازنی رقم) | | 3,53,000 | | فروخت کی واپسی | | 17,000 |
| | | | | | ناقابل وصولی قرضے | | 14,000 |
| | | | | | واجب الوصول بل (واجب الوصول بل کھاتے سے منتقل) | | 47,000 |
| | | | | | اختتامی بیلنس | | 50,000 |
| | | | 4,38,000 | | | | 4,38,000 |

ورکنگ نوٹ:

کل قرض دار کھاتہ اور کل واجب الوصول بل کھاتہ تیار ہونے کے ساتھ خالص فروخت کا حساب مندرجہ ذیل طریقے سے نکالا جائے گا۔

خالص فروخت = نقد فروخت + ادھار فروخت - فروخت کی واپسی

= 2,25,000روپے +3,53,000روپے -17,000 روپے

= 5,61,000روپے

مثال 5

مسٹر اوم پرکاش نے اپنے حسابات کے ریکارڈ دوہرے اندراج کے طریقے کے تحت نہیں رکھے، ان کے ریکارڈوں سے دستیاب مندرجہ ذیل معلومات سے اختتامی سال 31 مارچ 2017 کے لئے نفع و نقصان کا کھاتہ اور اسی تاریخ کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے، ڈھلائی کے ساز وسامان کی فرسودگی 10% کی در سے ہوگی۔

© NCERT not to be republished

## نقد کھاتے کا خلاصہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| وصولیاں | رقم روپے | ادائیگیاں | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| بقایالایا گیا | 8,000 | نقد خریداریاں | 14,000 |
| نقد فروخت | 40,000 | قرض خواہوں کوادا کردہ | 20,000 |
| قرض داروں سے موصول | 30,000 | متفرق مصارف | 6,000 |
| | | مال کی لدائی اور ڈُھلائی | 2,000 |
| | | نکالی گئی رقم | 8,000 |
| | | بقایالے جایا گیا | 28,000 |
| | 78,000 | | 78,000 |

## دیگر معلومات :

### 31 مارچ 2017

| | 31 مارچ 2005 روپے | 31 مارچ 2005 روپے |
|---|---|---|
| قرض دار | 9,000 | 12,000 |
| قرض خواہ | 14,400 | 6,800 |
| سامان کا اسٹاک | 10,000 | 16,000 |
| دھلائی کا سازوسامان | 40,000 | 40,000 |
| فرنیچر | 3,000 | 3,000 |
| سال کے دوران دی گئی چھوٹ | | 1,400 |
| سال کے دوارن وصول شدہ چھوٹ | | 1,700 |

حل

## اوم پرکاش کے ریکارڈ
## تجارتی اور نفع ونقصان کا کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

| مصارف/نقصانات | رقم روپے | محاصل/دیگر منافع | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | 10,000 | فروخت | 74,400 |
| خریداریاں | 28,100 | اختتامی اسٹاک | 16,000 |
| ڈھلائی کا سامان | 2,000 | | |
| خام منافع بقایا لے جایا گیا | 50,300 | | |
| | 90,400 | | 90,400 |
| متفرق مصارف | 6,000 | خام منافع بقایا لایا گیا | 50,300 |
| دی گئی چھوٹ | 1,400 | وصول شدہ چھوٹ | 1,700 |
| خالص منافع (اصل کھاتہ میں منتقل کیا گیا) | 40,600 | | |
| | 52,000 | | 52,000 |

## بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2017

| واجبات | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| سرمایہ | 55,600 | | ڈھلائی کا ساز وسامان | 40,000 | |
| جمع: منافع | (40,600) | | نفی: فرسودگی | (4,000) | 36,000 |
| | 96,000 | | | | |
| نفی: نکالی گئی رقم | (8,000) | 88,200 | فرنیچر | | 3,000 |
| قرض خواہان | | 6,800 | سامان کا اسٹاک | | 16,000 |
| | | | قرض دار | | 12,000 |
| | | | نقد | | 28,000 |
| | | 95,000 | | | 95,000 |

© NCERT not to be republished

## کل قرض دار کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بقایا لایا گیا | | 9,000 | | نقد | | 30,000 |
| | فروخت (ادھار) (توازنی رقم) | | 34,400 | | دی گئی چھوٹ | | 1,400 |
| | | | | | بقایا لے جایا گیا | | 12,000 |
| | | | 43,400 | | | | 43,400 |

## کل قرض خواہ کھاتہ

ڈیبٹ کریڈٹ

| تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے | تاریخ | تفصیلات | بہی | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نقد | | 20,000 | | بقایا لایا گیا | | 14,400 |
| | وصول شدہ چھوٹ | | 1,700 | | خریداریاں (ادھار) (توازنی رقم) | | 14,100 |
| | بقایا لے جایا گیا | | 6.800 | | | | |
| | | | 28,500 | | | | 28,500 |

## گوشوارۂ کیفیت بتاریخ 31 مارچ 2016

| واجبات | رقم، روپے | اثاثہ جات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| قرض خواہ | 14,400 | دھلائی کا ساز و سامان | 40,000 |
| پونجی | 55,600 | فرنیچر | 3,000 |
| (توازنی رقم) | | سامان کا اسٹاک | 10,000 |
| | | قرض دار | 9,000 |
| | | نقد | 8,000 |
| | 70,000 | | 70,000 |

© NCERT not to be republished

مثال 6

مسز سُرَ بھی نے یکم جنوری 2016 کو 50,000روپے نقد، 10,000روپے کے فرنیچر، 2,000روپے کے مال اور 20,000روپے مالیت کی مشینری کے ساتھ کاروبار شروع کیا۔ سال کے دوران انھوں نے بینک میں کھاتہ کھول کر20,000روپے کی ایک اور رقم اپنے کاروبار میں لگائی۔ ان کے ریکارڈوں سے ماخوذ مندرجہ ذیل معلومات کی بنیاد پر31دسمبر2017 کو ختم شدہ سال کے لیے آپ کو فائنل حسابات تیار کرنے ہیں۔

| | روپے |
|---|---|
| قرض داروں سے وصولیاں | 57,500 |
| نقد فروخت | 45,000 |
| نقد خریداریاں | 25,000 |
| ادا کردہ اجرتیں | 5,000 |
| عملہ کی تنخواہیں | 17,500 |
| تجارتی مصارف | 6,500 |
| فیکٹری کا بجلی بل | 7,500 |
| سُرَ بھی نے جو رقمیں نکالیں | 3,000 |
| قرض خواہوں کو نقد ادائیگی | 42,000 |
| وصول کی گئی چھوٹ | 1,200 |
| وصول شدہ چھوٹ | 3,000 |
| نا قابل وصول قرضے جنھیں قلمزد (Write off) کر دیا گیا | 1,300 |
| سال کے آخر میں نقد بیلنس | 20,000 |

مسز سُرَ بھی نے2,500 کا مال اپنے ذاتی کاموں کے لئے استعمال کیا جس کو ریکارڈ نہیں کیا گیا۔ فرنیچر پر10 فی صدی اور مشینری پر 20فی صدی سالانہ کی دروں سے فرسودگی لینی ہے۔ 31مارچ2017 کو ان کے قرض داروں پر70,000روپے قرض تھے اور ان کے قرض خواہ35,000روپے کے تھے، اس تاریخ کو تجارتی اسٹاک 25,000روپے کا تھا۔

حل

## مسز سُرَبھی کے ریکارڈ
## تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ
## 31 مارچ 2017 کو ختم ہوئے سال کے لیے

ڈیبٹ — کریڈٹ

| مصارف/نقصانات | | رقم روپے | محاصل/دیگر منافع | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی اسٹاک | | 20,000 | فروخت | 45,000 | |
| خریداریاں | | | کریڈٹ | 1,30,000 | 1,75,000 |
| نقد: | 25,000 | | اختتامی اسٹاک | | 25,000 |
| ادھار: | 80,000 | | | | |
| | 1,05,000 | | | | |
| نفی: ذاتی استعمال | (2,500) | 1,02,500 | | | |
| میں لایا گیا سامان | | | | | |
| اجرتیں | | 5,000 | | | |
| فیکٹری کا بجلی بل | | 7,500 | | | |
| خام منافع (بقایا لے جایا گیا) | | 65,000 | | | |
| | | 2,00,000 | | | 2,00,000 |
| تنخواہیں | | 17,500 | خام منافع (بقایا لایا گیا) | | 65,000 |
| تجارتی مصارف | | 6,500 | وصول شدہ چھوٹ | | 3,000 |
| دی گئی چھوٹ | | 1,200 | | | |
| ناقابل وصول قرضے | | 1,300 | | | |
| فرسودگی | | | | | |
| فرنیچر | 1,000 | | | | |
| مشینری | 4,000 | 5,000 | | | |
| خالص، منافع | | 36,500 | | | |
| (اصل کے کھاتہ میں منتقل کیا گیا) | | | | | |
| | | 68,000 | | | 68,000 |

© NCERT not to be republished

## مسز سُرَبھی کی بیلنس شیٹ بتاریخ 31 مارچ 2013

| واجبات | | | رقم روپے | اثاثہ جات | | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ (لین دار) | | | 35,000 | نقد | | 20,000 |
| | | | | بینک | | 13,000 |
